الحمد للہ والمنة

مخمس بر غزل حضرت غالب علیہ الرحمہ

و قصیدۂ نعتیہ

بجواب قصیدۂ حضرت قاآنی رحمۃ اللہ علیہ

مصنفۂ

عالیجناب سید علی حامد صاحب حامد منصف منصفی سندیلہ (ہردوئی)

باہتمام سید مقبول حسین وصل بلگرامی

مقبول المطابع پریس ہردوئی میں ۱۳۳۱ھ ۱۹۱۲ع چھپ کر شایع ہوا

مخمس غزل حضرت غالب علیہ الرحمۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کہ جزو وصفِ شانِ محمدؐ ست — زیبا دُرے ز درجِ دہانِ محمدؐ ست
مفتاحِ گنجِ وحی لسانِ محمدؐ ست — حق جلوہ گر ز طرزِ بیانِ محمدؐ ست
آرے کلامِ حق بہ زبانِ محمدؐ ست

ذاتِ خدا کہ مرتبہ دانِ محمدؐ ست — در ہر کتاب وصفِ شانِ محمدؐ ست
قرآن ز معجزاتِ لسانِ محمدؐ ست — حق جلوہ گر ز طرزِ بیانِ محمدؐ ست
آرے کلامِ حق بہ زبانِ محمدؐ ست

گنجِ رموزِ رب دل و جانِ محمدؐ ست — قرآن ہم آیتے ز لسانِ محمدؐ ست
گویا زبانِ حق بہ دہانِ محمدؐ ست — حق جلوہ گر ز طرزِ بیانِ محمدؐ ست
آرے کلامِ حق بہ زبانِ محمدؐ ست

شانِ بلند قامتِ شاہِ فلک وقار — بالا ست از رسائیِ اذہانِ تازہ کار
نخلِ جنان کجا و کجا ظلِّ کردگار — واعظ حدیثِ سایۂ طوبیٰ فرو گزار
کاینجا سخن ز سروِ روانِ محمدؐ ست

اے خامہ وصفِ قامتِ خود را فرو گزار
قمری ہواے سرو دل آرا فرو گزار
شاغِ ثناے راستِ قدان را فرو گزار
واعظ حدیثِ سایۂ طوبیٰ فرو گزار

کاینجا سخن ز سرورِ روانِ محمدؐ ست

کیون نونہالِ قامتِ غلمان پہ ہے نثار
زم ہے مدحتِ قدِ شاہِ فلک وقار
خوش قامتی حور کا کیا ذکر بار بار
واعظ حدیثِ سایۂ طوبیٰ فرو گزار

کاینجا سخن ز سرورِ روانِ محمدؐ ست

لطفِ خدا سے محفلِ عرفان کے بادہ خوار
آنکھون مین نخلِ باغِ رسالت کی ہے بہار
ہین مستِ جلوۂ قدِ محبوبِ کردگار
واعظ حدیثِ سایۂ طوبیٰ فرو گزار

کاینجا سخن ز سرورِ روانِ محمدؐ ست

داری اگر نگاہِ رسا چشمِ پر ضیا
روشن اشارہ ایست پے قلبِ باصفا
اے دل ببین بہ رفعتِ اعجازِ حق نما
بنگر دو نیمہ گشتنِ ماہِ تمام را

کان نیمہ جنبشے ز بنانِ محمدؐ ست

بنگر تو قدرتِ شہِ عالی مقام را
بنگر دو پارہ قلبِ حصامِ لبام را
بنگر ظہورِ معجزِ خیر الانام را
بنگر دو نیمہ گشتنِ ماہِ تمام را

کان نیمہ جنبشے ز بنانِ محمدؐ ست

ہے دل مین ماہ کے جو الف کی جگہہ سدا
انگلی اٹھی کہ چرخ پہ شق القمر ہوا
انگشتِ پاک پر ہے وہ سو جان سے فدا
بنگر دو نیمہ گشتنِ ماہِ تمام را

کان نیمہ جنبشے ز بنانِ محمدؐ ست

مثلِ رسولؐ کرد علیؑ را حق انتخاب — محبوب آن ولیِ خدا این فلک جناب
شانِ نبیؐ عیان بود از شانِ بوترابؑ — آئینہ دارِ پرتوِ مہر ست ماہتاب

شانِ حق آشکار ز شانِ محمدؐ ست

گیارہ امام نورِ خدا آسمان جناب — ہر ایک مین ہے نامِ خدا شانِ بوترابؑ
حیدرؑ ہین نورِ طلعتِ احمدؐ سے فیضیاب — آئینہ دارِ پرتوِ مہر ست ماہتاب

شانِ حق آشکار ز شانِ محمدؐ ست

گر چشمِ دل کے سامنے سے دور ہو حجاب — دیکھین خدا کا نور بہین سارے شیخ و شاب
فانوسِ شمعِ وحدتِ حق ہے دلِ جناب — آئینہ دارِ پرتوِ مہر ست ماہتاب

شانِ حق آشکار ز شانِ محمدؐ ست

سہمِ نگاہِ تند چو از قوسِ قہر جست — بر صدرِ کافرانِ لعین تا بہ پر نشست
گویند در ثنائے جہادش خدا پرست — تیرِ قضا ہر آئینہ در ترکشِ حق ست

اما کشادِ آن ز کمانِ محمدؐ ست

ہے موردِ سہامِ غضب ہر صنم پرست — قہرِ خدا ہے وقتِ وغا انکا بیش دست
سمجھے وہ جسکو کردے مے مارمیت مست — تیرِ قضا ہر آئینہ در ترکشِ حق ست

اما کشادِ آن ز کمانِ محمدؐ ست

اے دل اگر بہ منزلِ ادراک وارسی — یا تا بہ بزمِ عارفِ دراک وارسی
آنگہ بہ خلقتِ افلاک وارسی — دانی اگر بہ معنیِ لولاک وارسی

خود ہر چہ از حق ست از انِ محمدؐ ست

اے دل اگر بجادۂ فہمِ رسا رسی — بایدکہ تا بہ منزلِ صدق و صفا رسی

داری اگر سرے بہ دیارِ خدا رسی — دانی اگر بمعنیِ لولاک دا رسی

خود ہرچہ از حق ست ازان محمدؐ ست

مقصودِ اصلِ خلق ہین محبوبِ ایزدی — زینت انھین سے عالمِ ایجاد کی ہوئی

باعث ہین خلقِ ارض و سماوات کے یہی — دانی اگر بمعنیِ لولاک دا رسی

خود ہرچہ از حق ست ازان محمدؐ ست

دیکھے جو تو تو جلوۂ قدرت یہ ہو جلی — ہے خلقتِ جہانکا سبب ذاتِ احمدیؐ

سمجھے اگر تو مطلبِ قرآن بھی ہے یہی — دانی اگر بمعنیِ لولاک دا رسی

خود ہرچہ از حق ست ازان محمدؐ ست

عارف بجامِ بادۂ عرفان بجد و کد — مومن بہ اہلبیتِ پیمبرؐ بشد و مد

آتش بنامِ احمدؐ و احمدؐ بہ ربِّ خود — ہرکس قسم بدانچہ عزیز ست می خورد

سوگند کردگار بجانِ محمدؐ ست

یکتا رسولِ پاک ہین اللہ ہے احد — انکا محب خدا ہے یہ ہین عاشقِ صمد

قرآن مین خطاب لعمرک کی ہے سند — ہرکس قسم بدانچہ عزیز ست می خورد

سوگندِ کردگار بجانِ محمدؐ ست

آنجا کہ از صفاتِ امامت سخن رود — وز مدحِ نفس احمدؐ و عترتؑ سخن رود

ہرگہ زفضلِ ختمِ رسالت سخن رود — درخود ز نقشِ مہرِ نبوت سخن رود

سوگندِ کردگار بجانِ محمدؐ ست

ختمِ رسل امینِ خدا عاشقِ صمد   اوصافِ او ز نصِ کتاب است مستند

جائے سخن کجا کہ مسجّل بود سند   در خود ز نقشِ مُہرِ نبوت سخن رود

آن نیز نامور ز نشانِ محمدؐ ست

یہ نائبِ خدا ہیں یہ ہیں عاشقِ صمد   یکتائیِ خدا پہ ہے ذات آپ کی سند

ہے یہ دلیل ختمِ رسالت کی مستند   در خود ز نقشِ مُہرِ نبوت سخن رود

آن نیز نامور ز نشانِ محمدؐ ست

حامد زبان چو قابلِ نعتش نہ داشتیم   ہمت غلط بمدحتش اول گماشتیم

این مقطعِ لطیف در آخر نگاشتیم   غالبؔ ثنائے خواجہ بہ یزدان گذاشتیم

کان ذات پاک مرتبہ دانِ محمدؐ ست

مدحِ نبیؐ بہ حیدرِ ذیشان گزاشتیم   وصفش بہ اہلِ دانش و عرفان گزاشتیم

حامد مدیحِ شاہ بقرآن گزاشتیم   غالبؔ ثنائے خواجہ بہ یزدان گزاشتیم

کان ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمدؐ ست



قصیدۂ نعتیہ

بجواب قصیدہ حکیم قاآنی علیہ الرحمۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہاتفِ وحدت نے اک شب یوں کیا مجھسے خطاب ۔۔۔ خوابِ غفلت مین گزرتا ہے ترا عہدِ شباب
کچھ بھی تجھکو اپنی خلقت کا سبب معلوم ہے ۔۔۔ کون ہے خالق ترا اسکا بتا ہمکو جواب
کون سی وہ ذات ہے جسکا کہین واجب وجود ۔۔۔ منقلب ممکن ہے پر اوسکو نہین ہے انقلاب
قبلِ ہر اول ہے کون اور بعدِ ہر آخر ہے کون ۔۔۔ کسکے قبل و بعد کا ممکن نہین ہرگز جواب
کون ہے وہ ذات جو اپنی خدائی مین ہے ایک ۔۔۔ جسکی جانب بھی نہین ممکن دوئی کا انتساب
عدل ہے کسکی صفت پر رحم ہے اُسمین شریک ۔۔۔ تا گنہگاروں کی مٹی ہو نہ اے غافل خراب
خوانِ احسان و کرم کسکے ہین افلاک و زمین ۔۔۔ کون ہے وہ جسکی نعمت کا نہین ممکن حساب
کنہ جسکی ذات کی ممکن نہین سمجھے بشر ۔۔۔ قاصر ادراکِ صفت ہین جسکے ذہنِ شیخ و شباب
کون ہے جسکے صفات کاملہ ہین عین ذات ۔۔۔ کون ہے وہ جسکی قدرت کے ہزارون ہین حجاب
کون ہے جسکا خدائی مین نہین کوئی شریک ۔۔۔ بیمثال و لا شریک و بے نظیر و لا جواب
مادہ تکوینِ عالم کا کیا کسنے عیان ۔۔۔ کسنے چہرے پر عدم کے ڈالی ہستی کی نقاب
کون تھا موجود تھا اوسدم کہ جب کچھ بھی نہ تھا ۔۔۔ لفظ کن کے ساتھ ہی پیدا ہوا سب کچھ شتاب

بعد اوسکے کون ہے جسکا کہ ہے ممکن وجود
ہے وجودِ پاک کو جسکے قدم سے انتساب

سرِ اصلِ خلق کیا ہے اور یہ عالم ہے کیا
کسکے نورِ پاک سی ہستی ہوئی ہی بہرہ یاب

عالمِ انوار کسکے نور سے ظاہر ہوا
علمِ حق مین کون تھا کنزِ خفی و مستطاب

عالمِ اول تھا کسکا میکدہ ساقی تھا کون
مے تھی کیا تھا جام کیا دورہ تھا جسکا بیحساب

کسنے اوس بزمِ الٰہی کے اوٹھائے ہین مزے
ساغرِ وحدت مین پی کسنے نبوت کی شراب

کون تھا اوسدم نبی جب تھی نہ عرش و لوح پاک
کون تھا اوسدم نبی جبدم نہ حایل تہے حجاب

کون تھا اوسدم نبی جسدم نہ تھی وقت و مکان
وہ بھی تو معدوم تہا جسکا زمانہ ہے خطاب

کون تھا اوسدم نبی جب تھے نہ افلاک و زمین
کون تھا اوسدم نبی جب تھے نہ ماہ و آفتاب

کون تھا اوسدم نبی جسدم نہ تھے حور و ملک
خلقتِ آدم ہے بعد اونکے کہان انکا حساب

کون تھا اوسدم نبی جب تھا نہ دنیا کا وجود
علمِ حق کسکا محل تھا جو تھا اوسکی فیضیاب

کون تھا محوِ جمالِ قدرت و لطفِ خدا
کسنے پی صہبای الفت درمیانِ ہو حجاب

محفلِ عشقِ الٰہی مین ہوا جبدم سوال
نغمہائے وحدت کا دیا کسنے جواب

سب سے پہلے سجدۂ خالق مین سر کسکا جھکا
کسکی پیشانی سی نکلی سیکڑون درِ خوش آب

وہ گہر جو ہو گئے نورِ رسولانِ سلف
کس صدف سی نکلے تھی وہ گوہرِ باآب و تاب

کسکو مصحف مین کہا اللہ نے شمعِ منیر
کسکو یسین کا دیا قرآن مین حق نی خطاب

کون ہے مزمل و طٰہٰ و نورِ کبریا
کسکے پرتو سے منور ہین یہہ ماہ و آفتاب

کوکبِ دری کی صورت کسکو تابان کر دیا
روشنی فانوسِ قدرت مین تھی کسکی بی حجاب

کون تھا چمکا ہے جس سے اخترِ بختِ جہان
نور سی کسکے تھی انوارِ رسل بھی کامیاب

پھر خلقِ عالمِ امکان و تکوینِ جہان ۔ کسکو خالق نے کیا خلقت مین اپنی انتخاب
عالمِ انوار کا دورہ ہوا جبدم تمام ۔ کون تھا جس سے ہوئی مخلوق ماہ و آفتاب
عرش و کرسیِ برین لوح و قلم نار و جنان ۔ ہفت افلاک و زمین نجم مبین ثاقب تا شہاب
اسطرح جب دفترِ عالم مرتب ہو چکا ۔ خلق انس و جان کی تب تصنیف کی حق نے کتاب
لفظ کن سے روح تازہ جسمِ عالم مین بھری ۔ سبکی خلقت کی مرتب کر دیے سب فصل و باب
عالمِ ارواح کا پھر ہو گیا دورہ شروع ۔ لطفِ حق سے ہو گئین روحین ہماری بہرہ یاب
کون تھا جسکے سبب سے رب نے یہ سامان کیا ۔ رحمۃ للعالمین کا کسکو بخشا ہے خطاب
نقطۂ پرکارِ ہستی کون ہے مصدر ہے کون ۔ بعدِ واجب کون ہے ممکن وجودِ لاجواب
کون ہے پرکارِ پرکارِ عطا و جود و فیض ۔ کون ہے قطبِ کرم توقیع طغرائے ثواب
کون ہے کہتے ہین جس سے عارفِ یزدان پرست ۔ جانِ عالم از رخِ ما روے رحمت بر متاب
کون ہے جو بعدِ حق اُسکی خدائی مین ہے ایک ۔ کون ہے حاکم خدا سے اور مالک رقاب
بندۂ الفت مین کسکی عبدِ معبودِ انام ۔ کس نبی کی ہے ہدایت ہادیِ دار الصواب
وجہِ خلقت کون ہے ہان روحِ عالم کون ہے ۔ تجھسے اے غافل نہین بیکار و بیجا یہ خطاب
عالمِ ارواح کا قصہ ہے تجھکو کچھ بھی یاد ۔ محو اوسکو صفحۂ دل سے کیا یا شکلِ خواب
وہ محبت کسکی تھی جسکو کیا تھا حق نے پیش ۔ صانعِ یکتا کو وان تو نے دیا تھا کیا جواب
یاد ہین جو جلوۂ قدرت دکھائے تھے تجھے ۔ چشمِ دل روشن ہے کچھ یا ہو گئی بے آب و تاب
میکدہ وہ کونسا ہے جس سے تو آیا یہان ۔ تیرے جامِ جسم مین کسنے بھری جانکی شراب
کیا تھا تو کیا ہو گیا آیا جو اس عالم مین تو ۔ تا ولادت کتنے اے غافل ہوئے ہین انقلاب

چار عنصر جسم میں تیرے ہوئے کس طرح ایک
شاہدِ وحدت ہے ہو کیوں باد و آتش خاک و آب

حل معما وصلِ جسم و جان کا کیونکر ہو گیا
کچھ وجودِ روح کی معلوم ہیں اسرارِ ناب

ہو کے پیدا تو ہوا طفلِ صغیر و شیر خوار
معتبر تھا تیرا رونا اور نہ ہنسنے کا حساب

تو نہ کہہ سکتا تھا کیا عالم میں دیکھا کیا سنا
تھی زبان ایسی ہی لیکن نطق کا تھا بند باب

وہ زمانہ تھا کہ فکرِ نیک و بد کچھ بھی نہ تھی
تھا نہ مشتاقِ خطا تو اور نہ جویائے صواب

رفتہ رفتہ قوتِ تمیز حاصل ہو گئی
بچپنا رخصت ہوا اور آ گئی فصلِ شباب

شکل تیری بچپنے میں کیا تھی اب صورت ہے کیا
سبزۂ خط نے جوانی کی بڑھائی آب و تاب

ہم یہ سمجھے تھے نہ تو ہوگا اسیرِ دامِ حرص
پر جوانی کا برا ہو جس نے کی مٹی خراب

قوتِ تمیز جو آئی تھی زایل ہو گئی
نغمۂ بلبل ہے کانوں میں ترے صوتِ غراب

نائے حق کی نغمہ کا دل پر نہیں کچھ بھی اثر
لحنِ باطل کو ہے تیری تارِ جاں سے اقتراب

چشمِ ظاہر بیں جو تیری ہو گئی ظاہر پرست
حسنِ باطن یوں نہاں ہے جیسے مہر زیرِ سحاب

لاکھ پیتل چمکے پر تجھ کو نہیں معلوم کیا
گر نہیں دیتی ہے سونا اسکو سطحی آب و تاب

لاکھ چمکے آبِ آتش رنگ پر روشن یہ ہے
صاف باطن جو نہیں کب کہتے ہیں اسکو آفتاب

کوئی شیشے کو بھی کہتا ہے کہ ہے درِ نجف
جھوٹے موتی کو بھی کہتا ہے کوئی درِ خوش آب

سطحِ گوہر رشکِ دریا کون کہتا ہے بتا
دور سے دکھلائیں جلوے گرچہ ذراتِ سراب

تاجِ شاہانہ اوسے کہتا ہے کوئی خوش نگاہ
لاکھ چمکے سطحِ دریا پر اگر تاجِ حباب

لیکن اے کم بین یہ تیری آنکھ پر پردے پڑے
حسنِ ظاہر حسنِ باطن کیلیے ٹھہرا حجاب

چشمِ دل بے نور ہے کیا عقل الٹی ہے تری
جسکے آگے ہیں خجل سارے جہاں کا انقلاب

زالِ دنیا ہی تری آنکھو مین حورِ دلفریب — تو بڑھاپے کو ہی اوسکے جانتا عینِ شباب

دامِ زلفِ عشقِ دنیا مین پھنسا ہے دل ترا — خوش ہی ظاہر مین مگر جانکو ہی تیری پیچ و تاب

مرغِ جان تیرا اسیرِ دامِ غفلت ہو گیا — بال و پر اوسکے شکستہ ہین نہین اڑنیکی تاب

دانۂ حرص و ہوا سے تو پھنسا ہی جال مین — تو اوسی آرام سمجھا اصل مین جو ہے عذاب

دین کو بھولا زالِ دنیا ہو گئی ایسی عزیز — تو سمجھتا ہے نہ آئیگا کبھی روزِ حساب

بیعتِ پیرِ مغان کی بیعتِ حق توڑ کر — عالمِ مستی مین گذرین تا کہ ایامِ شباب

میکدہ کی در پہ تو بستر لگا کر رہ گیا — یعنے شاید ہاتھ آئے تجھکو بھی صہبا ناب

کیا مئے غفلت کا نشہ ہی کہ سوئی چشمِ دل — سایۂ دیوارِ میخانہ مین آیا تجھکو خواب

تف ہے تیری عقل پر ہے خاک تیری ہوش پر — چشمِ دل پر کیون پڑے ہین اتنی غفلت کے حجاب

اپنی حالت کو بھی تو بھولا خدا کو بھول کر — ہنسکے کہتا ہے یہ گویا خندۂ جامِ شراب

قلقلِ مینا نہین روتا ہے لیکر ہچکیان — یا فتی لا تبطل الایام فی عہد الشباب

محفلِ عالم مین روتے ہین وہ تیرے حال پر — کان دھر کر سن تو ہی تو نالۂ چنگ و رباب

تا بکے یہ مستیان یہ غفلتین غافل بتا — منہ دکھانا ہے خدا کو دیگا کیا اسکو جواب

وقت جا کر ہاتھ پھر آنیکا اے ظالم نہین — ہاں ابھی کچھ وقت باقی ہی کھلا توبہ کا باب

نفس کو اپنے قیودِ عیش سے آزاد کر — دامِ عصیان و مناہی سی ہی لازم اجتناب

فصلِ پیری آرہی ہے اور جوانی جاتی ہے — دوپہر ڈھلنے کو ہے ہوگا زوالِ آفتاب

دفترِ اجزاے تن پیری مین ابتر ہوگا سب — جھریان ہونگی بدن پر جیسے بوسیدہ کتاب

پاون چلنے سے بھی رہ جائینگے اے پیرِ ضعیف — دستگیری سی تجھے یہ ہاتھ بھی دینگے جواب

تو یہ چاہے گا کہ توشہ کر کے عقبیٰ کا بہم — سرخرو ہو کر چلون مین سوی گلزارِ صواب
پر نہ قوت جسم مین ہوگی نہ دلمین کچھہ امنگ — لاکھہ چاہے گا مگر ہونگے نہ کچھہ کارِ ثواب
ہوش آیا مجھکو خوفِ حق سے دل تھرا اوٹھا — ہاتفِ وحدت نے جسدم یون کیے مجھسے خطاب
مین گناہون پر ہوا نادم زہے توفیقِ حق — بند ہوکر کھل گیا میرے لیے توبہ کا باب
خضرِ توفیقِ خدا جب ناخدا میرا ہوا — مین یمِ عصیان سے نکلا لی رہِ دارالصواب
چشمِ دل روشن ہوئی سب رازِ خالق کھل گئے — جلوۂ قدرت نظر آئے نہ تھا کوئی حجاب
اوسکی وحدت تھی زمانے مین جو کثرت سے عیان — شاہدِ یکتائیِ حق پائے مینے شیخ و شاب
منحصر اوسکی شہادت نوعِ انسان مین نہین — بلکہ ہر شے اوسکی وحدت کے لئے ہے انتخاب
ہے وہ مسجودِ خلائق اور معبودِ انام — ربِّ عادل صانعِ عالم وحیدِ لاجواب
بے نیاز و رازدان و عالمِ اسرارِ غیب — شاہِ دنیا کی حکومت حاکمِ حکمت مآب
عادل و غفار ہے وہ قادر و مختار ہے — راحم و قہار ہے وہ مالکِ یوم الحساب
منعم اوسکا نام ہے انعام اوسکا کام ہے — وہ واہبِ منعام ہے عالم ہے اوس سے فیضیاب
حالِ صنع و انتظامِ دہر آئینہ جو ہے — صافِ باطن کہہ رہے ہین انّہٗ شیءٌ عجاب
لطفِ صنعِ صانعِ یکتا دکھانے کے لئے — بارگاہِ چرخ ہے اک خیمۂ سیمین قباب
وہ مصفا سطحِ گردون وہ ستارون کی ضیا — صدرِ بزمِ انجم تابان ہے جسکو ماہتاب
مہر اور اوسکی شعاعون سے ہے یہہ دن کو نمود — ہے فلک کی سطح پر بے چوبہ زرّین طناب
ڈھیر مٹی کا ہماری آنکھون مین ہے سب زمین — صنعتِ حق اس کرے مین بھی ہے لیکن بے حساب
دنکو یہ مثلِ طلا ہوتی ہے روشن دھوپ سے — موجِ نورِ مہر سے کرتی ہے ضو کو اکتساب

رشکِ گلزارِ جنان باغون سے ہی روئی زمین — دیکھہ کر مسرور ہین جنکو قلوبِ شیخ و شاب
برف کا سہرا جبینِ کوہ پر باندھا گیا — پانی پانی آب سے جسکے گہر کی آب و تاب
ہے مدور گرچہ ظاہر مین ہے سطحِ مستوی — ہے زمین کا خوان قرصِ ماہِ تابان کا جواب
اور سیارونکی ساکن دیکھین جب سوئی زمین — اونکو ہو معلوم سیارہ یہ شکلِ ماہتاب
سطحہ گیتی پہ دریا اون کو یون آئین نظر — ہین لکیرین صفحہ پر یا ہین خطوطِ سیم ناب
ہم نگاہِ عقل سے دیکھین جو افلاک و زمین — چشمِ حق بین سے جو دیکھین روئے ماہ و آفتاب
کیون کیا ہے انکو پیدا تب یہ پیدا ہو سوال — یہہ سوال ایسا ہی جسکا ہی یہ قرآن مین جواب
وجہِ خلقِ خلق ہین محبوبِ حق ختم الرسل — قطبِ گردونِ کرم چرخِ حکم کے آفتاب
اونکی باعث سے ہوئی جو خلقتِ ارض و سما — سیدِ لولاک اونکو رب نے بخشا ہے خطاب
مدحت اونکی مرتبے کی شایان ہی ناممکن مگر — شعرِ قاآنی یہ ہے اونکی ثنا مین انتخاب
سرورِ عالم ابوالقاسم محمدؐ آنکہ چرخ — با وجودِ او بود چون ذرہ پیشِ آفتاب
سنکے یہ شعرِ متین دل نے مرے مجھسے کہا — نظمِ قاآنی کا اردو مین کہو حاضر جواب
گرچہ وہ کامل ہے اپنے طرز مین استاد ہے — کیا عجب فیضِ ثنائے شہ سے تم ہو کامیاب
شوکتِ الفاظ و مضمون ہو اوسیکے طرز مین — نظمِ عالی سے عیان ہو رفعتِ ذہنِ شباب
لیکن اتنا فرق لازم ہے کہ جدت کی ہو دہوم — صرف ہر جا نظم مین ہوون آیۂ ام الکتاب
تم نکالو بحرِ عرفان سے کہین در ہائے نظم — ہون حدیثون سے کہین مضمونِ عالی دستیاب
ایک مطلع مدحِ حضرت مین تم اب ایسا کہو — سامنے جسکے ہو ذرہ سے بھی کمتر آفتاب
منتخب لفظین ہون معنی خوب ہون مضمون لطیف — مصرعِ ثانی کا ہو مصراعِ اول بے جواب

مصرعِ ثانی قاآنی کو تم مطلع کرو | مصرعِ اول ہو ایسا بے نظیر و انتخاب
صاحبِ معراج کی مدحت میں ہوں شعرِ بلند | اس زمیں کو باتیں حامد کرو گردوں جناب

مطلع ثانی

عالمِ اسرارِ حق ہیں احمدِ عالیجناب | کان امیّاً ولکن عندہٗ اُم الکتاب
شورِ جاء الحق ہوا جس دم ہوئے پیدا رسول | قطعہ | دورِ باطل مٹ گیا اٹھا رخِ حق سے حجاب
نور جو پردوں میں پنہاں تھا وہ ظاہر ہو گیا | عرش سے اترا زمیں پر معرفت کا آفتاب
اخترِ بختِ زمیں سے مہر بھی شرما گیا | نورِ حق سے روئے گیتی نے پائی آب و تاب
صاحبِ معراج نے دکھلادی معراجِ زمیں | سرزمینِ یثرب و بطحی ہوئی گردوں جناب
بیتِ حق کے دن پھرے خورشیدِ دیں طالع ہوا | جسکا جلوہ عالمِ عرفاں میں دیکھا بیحساب
پاگیا کوہِ صفا وجہ صفائے باطنی | چاہِ زمزم میں درخشاں ہو گئی چشمِ حباب
عرشِ اعظم ہو گئی رکن و مقامِ بیتِ حق | طلعتِ محبوبِ یزداں سے ہوئے جب فیضیاب
کہتے تھے حور و ملک جس سے جہاں پائیگا فیض | بیتِ عبداللہ سے اوٹھا ہے وہ رحمت کا سحاب
ہیں یہی شاہد مبشر ہیں یہی داعی یہی | راہِ حق پر آئینگے دعوت سے انکی شیخ و شاب
معنیِ خوف و رجا بغض و محبت انکی ہے | نام اوسکا معصیت ہے اسکو کہتے ہیں ثواب
بوالبشر ہیں حضرتِ آدم تو یہ خیر البشر | قطعہ | نجمِ تاباں رسالت وہ ہیں یہ ہیں آفتاب
مہر سے بہتر ستارہ ہو نہیں سکتا کبھی | سب ستارے کرتے ہیں اوس سے ضیا کا اکتساب
پیش آدم سر فرشتوں کے جو سجدہ میں جھکے | صاف ہو روشن جو چشمِ دل سے دیکھیں شیخ و شاب
اخترِ بختِ صفی اللہ چمکا مثلِ مہر | نور سے انکی ہوئی اونکی جبیں جب فیض یاب

گرچہ ظاہر مین وہ سجدہ پیشِ آدم ہوگیا
پر نہین ذات صفی اللہ سے اوسکا انتساب

یعنی وہ تھا سجدۂ تعظیم نورِ مصطفیٰ
جس سے روشن ہوگئی اُس نورِ حق کی آب و تاب

گر نہ وہ سجدہ تھا بہرِ حضرتِ ختم الرسلؐ
بلکہ مسجودِ ملک تھے آدمِ عالی جناب

قبلۂ آدمؑ نہ ہوتے بیت مقدس مین نبیؐ
مقتدی انکے نہ ہو کر لیتے اجرِ بے حساب

ترکِ اولیٰ سے آدمؑ گر نہین منسوب ہے
کسلئے قرآن مین فرمایا خالق نی عتاب

توبۂ آدمؑ کبھی جاتی نہ تا بابِ قبول
گر زبان اُن کی نہوتی اسمِ شہ سے کامیاب

کیا خطا احمدؐ سی ہوتی ان ہو وحی کو دیکھ
انکی عصمت پر ہے شاہد آیتِ ام الکتاب

وہ صفی اللہ ہین پر ہین یہ محبوبِ خدا
کہئے اب افضل ہین آدمؑ یا شہِ ختمی مآب

سجدۂ مہرِ مبین بر درگہش باشد قبول
ہست جاروبِ درِ جاہش شعاعِ آفتاب

صاحبِ عزم و جلالت ہین رسولونمین وہ نوحؑ
بعد آدمؑ آدمِ ثانی ہوا جن کا خطاب

مدتون تبلیغِ امرِ دین مین وہ ساعی رہے
برسون دکھلاتی رہے لوگون کو وہ راہِ صواب

اُن کی امت نی نہین مانا جو فرمانِ خدا
بد دعای نوحؑ سے نازل کیا حق نی عذاب

بحرِ قہرِ حق ہوا تنور سے جب جوش زن
نار کی انگارونکو آنکھین دکھاتے تھے حباب

آتشِ جوشِ معاصی کی بجھانے کے لئے
قطرہ زن تھا قہر کی قطرونسے دامانِ سحاب

شش جہت مین چادرِ سیلِ غضب جب بڑھ گئی
روے باغ دھر پر آبِ روان کی تھی نقاب

وہ تلاطم تھا وہ طوفان تھا کہ خالق کی پناہ
قہر کی بارش ہوی آئی غضب کی سیلِ آب

غرقِ دریاے فنا سارا زمانہ ہوگیا
مر گئے انسان و حیوان سب معِ طیر و دواب

لوگ گنتی کے جو کشتی مین تھے وہ تو بچ گئے
جنکی پھر ترتیب پائی نظمِ خلقت کی کتاب

حالتِ نوحؑ و محمدؐ کا تقابل ہو اگر
برتریِ مصطفیٰؐ کی ہو شہادت دستیاب

مدتوں تبلیغ امرِ دین محمدؐ نے بھی کی
پر نہ بہتوں نے کیا راہِ خطا سے اجتناب

امرِ حق کہنے سی کیا کیا ظلم اعدا نے کئے
وہ مصائب تھے نہین جن کا زمانے مین جواب

رات دن اسطرح کٹتے تھے وطن مین آپ پر
برجِ عقرب مین تھا گویا چودھوین کا ماہتاب

موج زن تھا بحرِ عصیان و مناہی ہر طرف
سر اوٹھائے سطح پر جسکی تھے جرمونکی حباب

جوشِ سیلِ جور و طغیان سے زمانہ تھا تباہ
تھا یہ ناممکن کہ ہو سرسبز وان کشتِ صواب

گر زمانہ نوحؑ کا ہوتا تو ہوتی بد دعا
جس سے لگ جائے جہان مین آتشِ قہر و عتاب

لیکن احمدؐ کے تحمل صبر کو دیکھو ذرا
کرتے تھے ہر دم دعائے خیر بہرِ شیخ و شاب

ہجرت اپنی گھر سے کی آئے مدینہ مین رسولؐ
پر ہوئے حق سی نہ جوشِ غم مین خواہانِ عقاب

ناخدائے کشتیِ امت تھے محبوبِ خدا
بادِ رحمت چلتی تھی ہوتا یہ بیڑا کیا خراب

امت عاصی نکے بگڑے کام سارے بن گئے
کیا اثر دکھلا گئی اون کی دعائے مستجاب

ہے سفینہ نوح کا وجہ نجات دنیوی
اِن کی کشتی مین نجات آخرت ہی بیحساب

کشتی چوبین خدا نے نوح کو بخشی اگر
انکی عترتؑ وہ سفینہ ہے نہین جسکا جواب

ناخدائے کشتی عترت ہین محبوبِ خدا
بادبان ہی دامن رحمت تو کیا خوفِ عذاب

کہیے اب افضل ہین احمدؐ یا ہین نوحؑ ذیوقار
محسن دنیا و دین ہے کسکا خلق مستطاب

آفتابِ آسمان شرع ختم المرسلین
والی ملکِ رسالت حاکم دار الثواب

مظہر لطفِ خدائی ہے جو ذاتِ مصطفیٰؐ
حق و باطل مین اونہین کا حکم ہی فصل الخطاب

نام اونکا نامۂ خلقت مین حرف اولین
ذات اون کی دفترِ وحدت مین فردِ انتخاب

اوجِ ابراہیم و احمدؐ کا عیان ہو جائے فرق
طالبِ حق تھے وہ انکی ذات سے ہی عیان
اونکا رتبہ یہ کہان تھا ہوتے جو مطلوبِ رب
پر ہین احمدؐ عرصۂ اسریٰ بعبدہٖ کے سوار
تا بہ عرش انکو بلایا انکا طالب ہے خدا
وہ ہوئے تھے بانیِ بیتِ الٰہی اس لئے
مولدِ خیر الوریٰ حق نے جو مکے کو کیا
ایک شمہ اپنی قدرت کا دکھایا تھا اونہین
کیف مد الظل کی آیت سے یہ ہوتا ہے عیان
آتشِ نمرود کب ہوتی گلستانِ خلیل
آیۂ من شیعتہ سے سِر یہ سب پر کھل گیا
کہیئے اب افضل خلیلِ ربؑ ہین یا محبوبِ حقؐ
سرخ تھی مثلِ شفق گویا شعاعِ مہرِ دین
ہے بہارِ باغِ دین انکی نسیمِ خلق سے
باتین جب کرتے تھے انکے منہ سے جھڑتے تھے وہ پھول
ابجدِ عالم مین گر ہوتا نہ میمِ نامِ پاک
دفترِ اوجِ کلیم اللہ کا شیرازہ کھلے
حدِ معراجِ کلیم اللہ کوہِ طور ہے

قطعہ

عدل کی میزان مین تولین جو اوسکو شیخ و شاب
تھے رضا جوئے خدا تھے سالکِ راہِ ثواب
ہے کرم اوسکا خلیلِ حق جو بخشا ہے خطاب
ساتھ حق ہے دستِ رحمت مین ہے مرکب کی رکاب
کیا خبر کیا کیا دکھائے جلوے ما بینِ حجاب
تاکہ ہو خوشنود خالق اور حاصل ہو ثواب
کعبہ کو بھی بہرِ قبلہ کر دیا ہے انتخاب
لیکن اونکو کب دکھائے جلوہ ہائے بیحجاب
اپنے جلوے سے کیا ہے انکے دل کو کامیاب
گر نہ انکے نام سے ہوتی زبان انکی مشاب
ایسے مرسل ہین مطیعِ مصطفیٰؐ و بوترابؑ
کون ہے بعدِ خدا بندون مین اوسکے لاجواب
خونِ دندان سے ہوا جب ریشِ نور پر خضاب
گلشنِ حق مین کھلین کیونکر نہ رحمت کے گلاب
جنکی نکہت سے مشامِ جانِ ایمان بہرہ یاب
کاف و نونِ کن مین پھر ہوتا نہ ظاہر اقتراب
گر مقابل اوسکے رکھین وصفِ احمدؐ کی کتاب
عرشِ حق ہے منزلِ اوجِ ختمی مآب

اوسکو موسیٰ نی سنا جو نخل سے آئی صدا
عرش پر بے واسطہ تھا حق کا احمد سے خطاب

رویت معبود ناممکن ہے اے اہل نظر
اسلیئے موسیٰ نی پایا لن ترانی کا جواب

وہ مصر جسدم ہوئی بجلی سی چمکی کوہ پر
کیا تجلی تھی کہ جسکی دید کی لائے نہ تاب

وہ تجلی کیا تھی بجلی کیا تھی سوچیں اہل دین
جسکے جلوے سے ہوئے غش موسیٰ عالی جناب

پردۂ فانوس قدرت مین جو تھا روشن سراج
جلوہ اوس شمع رسالت کا دکھایا بیحجاب

برق حسن حضرت محبوب رب تاباں ہوئی
گرد کردی جسنے بجلی کی بھی ساری آب و تاب

سچ ہی محبوب خدا ہین جلوۂ ذات خدا
ہین یہی نام خدا نور خدا رحمت خطاب

زور دست موسوی تھی حضرت ہارون اگر
زور بازوی شہنشاہ رسل ہین بوتراب

پھر موسیٰ نکلے بارہ چشمے پتھر سے اگر
انگلیون سی بحر رحمت کی بھی نکلی جوئے آب

ہوگیا اونکے عصا سے گرد و پارہ آب نیل
چرخ پر انگشت احمد سی ہوا شق ماہتاب

گر ید بیضا سے چمکا اختر بخت کلیم
ہاتھ کو انکے ہوا گر ماہ تابان دستیاب

اے خوشا وہ جلوۂ محبوب یزدان بزم مین
رات کو پھرتے تھے دن ہوتا تھا طالع آفتاب

کب زبان موسوی سے عقدۂ خلقت کھلی
فیض نطق احمدی سی ہی کھلا عرفان کا باب

واقف اسرار حق تھی مثل انکی کب کلیم
کب کہا رب نے انہیں من عندہ ام الکتاب

نقش پائے مصطفے کو رب نے جو بخشی ضیا
کب ید بیضائے موسیٰ نے یہ پائی آب و تاب

تین دن تک جسکی نکہت ہر گلی کوچہ مین ہو
اونکے جسم پاک سی کب آئی یہ بوئے گلاب

کہیے اب افضل ہین موسیٰ یا شہنشاہ رسل
کون ان دونوں سے ہے فضل و شرف مین انتخاب

مرکز کاف حکم کیونکر نہ ہو، بحمد...
شہر حکمت ہین حبیب حق علی ہین جسکے باب

مصحفِ صامت ہی قرآن مصحفِ ناطق نبی | عالمِ اسرارِ عرفان صاحبِ ام الکتاب
اسطرح تعلیم توحید خدا احمدؐ نے کی | عارف خالق ہوئے جس سے قلوب شیخ و شاب
کہتے الا اللہ ہی جب لب آئے لا اِلٰہ | گر نہین الا تو حرف لا کا پہر کیا ہی جواب
نسیم احمدؐ ہے مثالِ غنچۂ باغِ احد | گلشنِ دین مین کہلا ہی جس سے وحدت کا گلاب
اللہ اللہ شوکتِ شاہانۂ ختم الرسلؐ | سلطنت کا اونکی عالم مین نہین ممکن حساب
نجم اقبالِ سلیمانی کی ہی قلعی کہلے | آگے اوسکے چمکے گر انکی شرف کا آفتاب
ربِّ ھب لی کی دعا مین تہا وسیلہ انکا نام | انکے باعث سی ہوئین اونکی دعائین مستجاب
سلطنت روے زمین کی اونکو گر حاصل ہوئی | خسرو ارض و سما ہین یہ احمدؐ گردون جناب
ملکِ فانی اونکو بخشا گر خدای پاک نے | شاہی ملکِ بقا انکو ہوئی ہے دستیاب
انتظامِ ملکِ فانی پر جو تہی اونکی نگاہ | تاکہ ہو سر سبز مثلِ خلد یہ باغِ خراب
چشمِ لطفِ حضرتِ خیر البشر کا ہے یہ فیض | ملگیا دیکہو بہار باغ جنت کو شباب
مملکت مین اونکی لاکہون انقلاب اب تک ہوئی | ملک مین انکی مگر اب تک نہین ہی انقلاب
تخت سی بلقیس کے بزمِ سلیمان کی تہی شان | انکی محفل مین ہے تختِ لطفِ حق زرتاب
اونکی چوبے کی زرین تہین طنابین گر تو کیا | رشتۂ لطف خدا ہی انکے خیمے کی طناب
گر نشان اونکا ہی زرین مہر کی صورت تو کیا | ہی لوای حمد انکی رایت حق کا خطاب
پہر دیا بحر و بر اونکو ملی تہی گر بساط | پہر سیرِ مصطفے تہا رحمت رب کا سحاب
بندۂ حکمِ سلیمان تہی اگر جن و پری | انکے تابع ہین ملک اور قدسی عرش مآب
حکم کا اونکی اگر بلو صبا بہرتی تہی دم | بندۂ امر نبی ہین باد و آتش خاک و آب

گر عدالت سی سلیمانؑ کی نہ ہوتا تھا ستم
لیکن انکی عدل ورحمت نے دکھایا یہ اثر
جو قوی تھی ڈھونڈتھی تھے خود ضیعفونکی پناہ
گر سلیمانؑ کے وزیرِ نامور آصف ہوسے
منزلِ احمدؐ نی شانِ ہیبتِ حق پایا وقار
کب خزانہ گوہرِ رحمت کا اونکو مل گیا
کب مدینہ علم حق کا اونکا سینہ ہوگیا
کہیے ہین افضل سلیمانؑ یا شہنشاہِ رسلؐ
محکم الاطناب گر مسمار ذاتِ شہ نہین
ساز و سامانِ طربِ بزم طرب سی دور ہو
نالۂ استغفر اللہ چنگ بہی کرنے لگے
حضرتِ عیسیٰؑ زمانے مین ہین نامآور مگر
بعد واجب قبل ممکن نور اونکا تھا کہان
یہ تو کہیے خلق مین قبلِ وجودِ بو البشر
سب سے پہلے سجدۂ حق مین سر اونکا کب جھکا
جو بظاہر تھے عرق کے قطرے لیکن اصل مین
نور کو اونکے کیا خالق نے کب شمعِ منیر
حکم رب سے بے پدر پیدا ہوئے عیسیٰؑ تو کیا

خوف سے کرتی تھے ظالم ہر جفا سی اجتناب
ظلم کو بہولی ستمگر جیسے بہولے کوئی خواب
شہپرِ عصفور تھا تعویذِ بازوے عقاب
ہین وزیرِ مصطفےٰ دونون جہانمین بو ترابؑ
کب ہوا ایوان شاہی اونکا کعبہ کا جواب
وہ درِ رحمت کیا جنکو خدا نے انتخاب
کب سلیمان کو ملی قرآن سی کوئی کتاب
مثل احمدؐ وہ بھی ہین کیا شافعِ یوم الحساب
بارگاہِ آسمان کیونکر ہے برپا بے طناب
مانع لہو الحدیث اونکی جو ہو چشمِ عتاب
دے معاذ اللہ کی آواز ہر تار رباب
مثل ختم المرسلین خلقت مین کب ہین انتخاب
کب ہوا امکان سی اونکے قدم کا انتساب
علم رب مین کب وہ تھی کنزِ خفی و مستطاب
اونکی پیشانی سی کب نکلے تھی وہ درِ خوش آب
بنگئے نورِ رسل جنسے ہے عالم فیض یاب
نور احمدؐ کیطرح کب اوسکو دی تھی آب و تاب
ہو نہین سکتے ہین ابن اللہ وہ عالیجناب

گر خدا کے بیٹے عیسیٰ ہین تو پھر آدم ہین کون — کسیہ زیبا یہ لقب ہی سوچئین دلمین شیخ وشاب
سچ تو یہ ہی بندہ خالق ہین آدم اور مسیح — اونکی خلقت کا ملا عیسیٰ کی خلقت سی جواب
لیکن ان دونون سی افضل ہین شہنشاہ رسل — ہمسر خورشید کب ٹھہرے شعاع آفتاب
نام عیسیٰ نام سی خالق کی کب مشتق ہوا — احمد انکا اسم ہے محمود ہے ربکا خطاب
اونکو مثل شرع بیضا شرع جامع کب ملی — دین کامل کب ہوا مثل محمد دستیاب
فصل آخر شرع موسیٰ کی ہی شرع عیسوی — ہوگئی انجیل سابق کی کتب کا ایک باب
ناسخ ادیان سابق کب ہوا دین مسیح — مثل قرآن کب ملی اونکو کوئی جامع کتاب
کسنے عیسیٰ کو کہا ہے صاحب خلق عظیم — کب ہوے وہ مثل احمد مالک دار الصواب
کب مسیحا ہین مقنن ارث کی قانون کے — کب زبان تک اونکی آئی رازہای احتساب
تیغ اٹھائی کب مسیحا نے رہ معبود مین — نام سے پیکار کی اونکو رہا ہے اجتناب
معجزے دو چار دکھلائے مسیحا نے اگر — جنکے زندہ بعد مردن ہوگئی تھی شیخ وشاب
معجزے خیر البشر بہتر ہین اونسے بے شمار — ذکر سے مملو ہین جنکے صفحۂ ام الکتاب
تیغ انگشت مسیحا نے دکھائی کب وہ کاٹ — جسکے اوٹھتے ہی ہوا دو ٹکڑے خود ماہتاب
اونکی مٹھی مین ہوے تسبیح خوان کسدن خذف — کب زبانتک اونکی آیا تھا درود مستجاب
کب درختون نے کیا ہی دیکھکر انکو سلام — دی صدا شاخون نے کب تسلیم اے مالک رقاب
ایک دختر بھی نہ اونکو حق نے دی مثل بتولؓ — سیدہ خاتون جنت طاہرہ عصمت مآب
مثل حیدر کیا ملا اونکو بھی کوئی نفس پاک — زور قلب مصطفیٰ دست الٰہی شیر غاب
پائی کب عیسیٰ نے دلبر مثل سبطین نبی — ذات سی جنکے بہار باغ رضوان کا شباب

سچ تو یہ ہے بندہ یکتا ہین وہ ختم الرسل
اُسکی وحدت کیطرح جنکی نبوت لاجواب

دی مسیحائی بشارت اونکی آنیکی صدا
کہتے تھے ہین نورِ واحد مصطفےٰ و بوتراب

جز نبوت اوجِ احمد مرتضیٰ کو سب ملے
ایک ہی چرخِ شرافت کے ہین دونون آفتاب

مصرعِ اول سے دیوان امامت کے ملا
آخری مصراع دیوان رسالت کا جواب

آمدِ محبوبِ ربکی دیتے تھے عیسیٰ خبر
تاکہ ہو درگاہِ مرضی خدا مین اقتراب

تر زبان تعریف مین جنکے ہو عیسیٰ سا نبی
اوسکے اوج و مرتبے کا ذہن کیا پائے حساب

ہین وہ روح اللہ اگر محبوبِ باری مصطفےٰ
کہیے اب افضل ہین عیسیٰ یا شہ ختمی مآب

جس نبی کی مدح کرتے تھے رسولان سلف
کیا کرے اوسکی ثنا یہ بندۂ ابکم خطاب

ہے تقاضا دل کا لیکن اور ابھی لکھیے ثنا
تاکہ شعر و نسے ہو ظاہر جودتِ ذہن شباب

رنگ بدلون نظم کا جدت دکھاؤن فکر کی
خلعتِ مضمون نو سے شعرِ ونکو دون آب و تاب

قیدِ مضمونِ احادیث اب نہین لازم مجھے
پیش چشمِ دل ہو مضمون خیالی کی کتاب

ہے منافی ادب اطناب حامد نظم مین
مطلعِ سوم کے طالب ہین مگر سب شیخ و شاب

مطلع ثالث

ملکے آنکھین نقش پائے مصطفےٰ پر ہر حباب
چادرِ آبی پہ ٹھہرا سجدہ گاہِ آفتاب

ہو تجلیِ رخِ انور سے گروہ فیض یاب
کور مادر زاد کی ہو جائین آنکھین بے نقاب

روضۂ انور سے ہین ارض و سما سب فیضیاب
ہے درِ محبوبِ یزدان بوسہ گاہِ آفتاب

سوی روے کافران جب پھر گئی چشمِ عتاب
کفر کے بھی کاف مرکز بنا تیرِ شہاب

آب کے قطرے شرر بنجائین آتش ٹھہرے آب
ہو جو گرم و سرد مین منظور شہ کو انقلاب

بوسۂ باب محمدؐ جبکہ زائر نے لیے
بڑھ گیا تقبیل سنگ کعبہ سے اوسکا ثواب

علم حق اصلی وطن تھا لطف اوسکا آگیا
جب دل حضرت مین پہونچی آیۂ ام الکتاب

آسمان سائل در احمدؐ پہ ہے صبح و مسا
کاسۂ مہ کا ہاتھ پر ہے گاہ جام آفتاب

صبر احمدؐ پر نہ کرتا صاد اگر رب جلیل
صاد کا سورہ نہ ہوتا زینت ام الکتاب

نام نامی جپنے کو دست فلک نے پالیا
گوہر انجم کا سبحہ شمسہ جسکا ماہتاب

جب زمین روضۂ عالی سے اٹھتا ہے غبار
عرش اعظم پر وہ ہوجاتا ہی رحمت کا حجاب

پھر حیدر ایک اشارے مین وہ مغرب سے پھرا
دست قدرت مین نبیؐ کی تھی زمام آفتاب

بوے اخلاق محمدؐ سونگھتے یعقوبؑ اگر
پھر تسکین سوز غم مین پاتی عرفانکا گلاب

چشم دل سے دیکھتے گر جلوۂ روے حضور
ہجر یوسف مین نہ کھوتی آنکھونکی وہ آب و تاب

پیرہن محبوبؐ حق کا اونکو مل جاتا اگر
تا بہ کنعان مصر سے آتا نہ یوسف کا ثیاب

عرش کی قندیل ہے قبر رسول مجتبےؐ
گرچہ ظاہر مین ہی مرقد سے مدینہ نوریاب

گرمی چشم غضب پہونچے جو سوے میکدہ
شیشہ و ساغر کی دلمین بھی ہو پیدا التہاب

خون مے ہو خشک سوکھین جام خالی کی بھی لب
ابخرہ بنکر ہر اک شیشے سے اڑجاے شراب

اللہ اللہ کیا مکان بحر رحمت ہی وسیع
چرخ ہی جسکی زمین روزن ہین ماہ و آفتاب

پیش چشم قہر رب کیا سانس لے شہ کا عدو
کھنچکے پھانسی بنگئے تار نفس تار رقاب

پیر گردون دم نہ گر عشق محمدؐ کا بھرے
ہو ہلال عید اوسکے واسطے طوق عذاب

خاکساری سے نبیؐ کی بڑھگیا اوج زمین
ہوگیا ہم پہلوے عرش برین فرش تراب

معترضِ احمد یہ گر اپنی کتب مین ہون حریف
حرف ہو ن صفحہ پہ جیسے زخم دندان کلاب

گر اوٹھا کر آنکھہ دیکھی روضۂ عالی کا اوج
فرقِ چرخِ پیر سے گر جائے تاجِ آفتاب

جو مرض مین دشمنی کے مبتلا ہین روز و شب
زیست اونکو دیتی ہی پہلے مسیحاسی جواب

وہ مجسم آیۂ رحمت ہے ذاتِ مصطفےٰ
ختم جسپر حق نے کی اپنی رسالت کی کتاب

صانعِ یکتا نے کی انکو عطا وہ سیفِ صاف
دستِ حق کی بوسی سے قبضہ ہی جسکا کامیاب

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار
سیف و سایف کی ثنا مین ہے یہ مصرع انتخاب

تیغ ایسی جسکو کہیے اژدہا ہے برق دم
ہے عصای موسوی جسکا زبان مین خطاب

ہے کج ابرو زمرد گون خمیدہ ہی جو قد
خونِ اعدا سی دم میںجا ہی یاقوتی نقاب

کوچۂ زخمِ گلو سی ہو نکل کر صدقے روح
گر لبِ رنگین سی لی وہ بوسۂ تارِ رقاب

مرغِ جان بلبل ہین جسکی ہی وہ جوہر کا چمن
ہی خنا چہالو نکو اوسکے خونِ جسمِ شیخ و شاب

ایک منہ کی چار منہ کرتی ہی اوسکی ہر زبان
ہی دہانِ زخم مین زہرِ فنا اوسکا لعاب

ناخنِ شیرِ شجاعت اوسکے پہل کا نام ہے
قد خمیدہ اوسکا ہی یا افعی زہرِ عتاب

کہکشان ہے شبکو وہ ماہِ شفق ہی شام کو
صبح کو مد خطِ ابیض ہے دنکو آفتاب

جوہر اوسکے بہرِ مومن نامۂ فتح و ظفر
دشمنانِ آلِ احمد کو مصیبت کی کتاب

مثلِ تاثیر آئی مین سوے زمین افلاک سی
سوے گردون جا نہیں تیرِ دعاے مستجاب

جانگداز و دلنواز و سرفراز و کج ادا
جسپہ عاشق خود نبی ہین وہ عروسِ بیحجاب

شعلہ در لشکر شکن مغفر شگاف و سر فشان
تند خو حور اجمال آتش مزاج آئینہ تاب

بحرِ قہر و آگیون الماس صورت برق وش
موجِ جوہر سے دلِ کافر مین موجِ اضطراب

اوسکے ناخن سے گرہ بخت معاند کی کھلی — اوس کج ابرو سے ہے اسپ عجم بھی پا در رکاب

گھاٹ تک اوسکی جو آئے کشتی بحر حیات — یون فنا ہو دم مین جیسے ٹوٹ جاتا ہے حباب

نثر اعضا سطر کج سے اوسکے عاری ہے تمام — مصرع تقطیع سے ابتر ہے سب نظم رقاب

قافیہ اوس سے سواران مخالف کا ہے تنگ — سب کتاب زیست کی ابتر ہین جس سے فصل و باب

حجت قاطع ہے شکل اُسکی ردیف اوسکی قضا — خانۂ تن پید لونکا کیون نہ ہو بیت خراب

بدر مین شکل ہلال اتری خدا کے حکم سے — تھی چپ وہ لیکن ہزارونکو دیا اوسنے جواب

برق بنکر وہ گری تھی شہپر جبریل پر — پھر فتح باب خیبر تھی کلید فتح باب

خاک جل جلکر ہوے جن جانکا قصہ پاک تھا — جب ہوئی آتش فشان بحر العلم مین اُسکی آب

خون کے دریا بہائے اوسنے خندق مین کبھی — نہروانکی جنگ مین برسی کبھی بنکر سحاب

مالک اُسکے احمد مختار صانع ہے خدا — ایسی وہ شمشیر ہے سایف مین جسکے بو تراب

جلوۂ نقش کف پا سے جو چھالی بیخودی — اب کا شبنم سی طالب ہے دہان آفتاب

جب وسنے زمین پر نقش انگشتان پاک — ہو گیا شانہ پئے ریش شعاع آفتاب

روضۂ انور کے شمسے کی تجلی دیکھکر — مہر کے چہرے پر اب تک ہے شعاعونکی نقاب

ابتدا و انتہا ہے علم بیشین ایک فصل — علم آخر ہے کتاب علم شہ کا ایک باب

محفل انجم مین گر ہوتی نہ مدح نور حق — حشر تک ہوتی کبھی روشن نہ شمع ماہتاب

جو حبیب حق کے میخانے سے ملتی ہے سدا — اُس شراب عشق کو کہتے ہین عارف آفتاب

تیز رو ہے مرکب احمد مثال ذو الفقار — بے نظیر اوسکی روش اسکی روانی لاجواب

مطلع چارم کہون مین ایسے مرکب کے لئے — ہو کمیت خامہ میرا سالک راہ صواب

مدح حاضر راکب رہوار کی کیجے رقم / جسکی ہو تعریف ویسی ہے کہے حامد خطاب

مطلع چہارم

جسدار اکب خوشام کرتے ہی دورِ رکاب / نور حق وہ مہروش ہے وہ ہلالی ماہتاب

اے سمند برق رو بجلی کو ہے تجھسے حجاب / تیری تیزی سے ہی ساکن اوسکی نبض اضطراب

تو ہوا سرعت مین ہی اور گرم رفتاری مین آب / سیل ہی پستی مین تو اور ہی بلندی پر سحاب

گرم رفتاری دکھائی تو جو سطحِ بحر پر / قلزم عالم مین ہون تنور طوفان سب حباب

اسطرح جاتا ہی تو سوے فلک ای برق رو / جسطرح آتی ہی گیتی پر شعاعِ آفتاب

دوسری صورت یہ تیرے جانیکی گردون پہ ہے / عرش پر جسطرح جاتی ہی دعاے مستجاب

سیر گردون کر کے یون آتا ہی تو سوے زمین / جسطرح دم مین نگاہین ہوتی ہین گردون جناب

دوسری تشبیہ واں سے پہرنیکی یہ ہی لطیف / جسطرح معراج سے پلٹے شہ ختمی مآب

تجکو ہان لیکر جو راکب جانب گردون اڑاے / گرد ہو سرعت سے تیری تیزی برقِ شتاب

اتنی جلدی تو پہرا ے آسمان سے دشت مین / ہان کی ہے کا بھی نہ ہو ظاہر الف سے اقتراب

کلک قدرت نے جو کہینچی تو ہے وہ تصویر حسن / سین سرعت کی کشیدہ ہی گردن لاجواب

پاؤن تیری دو ہین لائے نفی اربابِ ضلال / چشم مست بادہ سرعت ہی تیری صاد صاب

تیرے نعل تیز کا ہی عکس وہ تیغ دودم / جسکی صورت قلب منکر کیلیے برقِ عذاب

سرخرو کیونکر نہ تو ہو عرصۂ جنگاہ مین / تیری پاؤن کیلیے مہندی ہی خون شیخ و شاب

تیری نقش سم سے ہوتی ہی زمین رشکِ فلک / لاکھون چاند اسکو ملے اُسکو ملا اک ماہتاب

ڈرہی کھلجای نہ قلعی روبرو کیا آے وہ | تیری جلد صاف سی ہی آئینہ کو بھی حجاب
جو ہین عارف تیرے تیغی کو وہ کہتے ہین تجھے | تیز دم آتش قدم ابر کرم بحر ثواب
جو ہر پیکر شیر کش رشک پری گردون سیر | ضیغم دشت وغا آتش مزاج آئینہ تاب
رفعت پرواز سی ہی پست اقبال ہما | اور نہیں فتراک تیری ہی کہ ہی بال عقاب
تیرے جو ہر عرصۂ دشت عزا مین دیکھکر | جو ہین غازی دیتی ہین تجھکو وہ غازی کا خطاب
تو ہی وہ مرکب کہ راکب ہین ترے ختم الرسل | خسرو دنیاے وحدت حاکم عرفان مآب
مصحف ناطق محمد سا جو ہوتا تہا سوار | رحل بنجاتا تہا تیرا زین ہی ام الکتاب
مدتون تو خدمت احمد سی پاتا تہا عروج | بعد اونکی اونکی دلبر کو ہوا تو دستیاب
راکب دوش نبی کا ہی پسندیدہ فرس | بچپنے سی تہی محبت تجھسے اونکو بیحساب
روز عاشورہ معرف ہین وفا کی تیرے سب | حق رفاقت کا کیا اچہا ادا وقت مصاب
تیری خوبی کی ثنا کیونکر لکھون اے ذوالجناح | اشہب خامہ کی تیزی مجھکو دیتی ہے جواب
اے نبی نامور نائب مناب کبریا | اے حبیب ذوالجلال اے سرور گردون جناب
خاک یثرب تیرے قدمونسے ہوئی جب سے فراز | کہتے ہین حور وملک یا لیتنی کنت تراب
باغ جنت کا قبالہ لطف حضرت سے ملے | ہمسے عاصی ہون اگر روضی مین تیرے باریاب
موج بحر نور سی تر دامنی دہو جاے سب | صحن انور کی ہر اک ذرے سے نکلی کار آب
مثل داغ قلب مشرک کو وہ ہوتا روسیاہ | مہر سی تیری نہ بڑہتی گر ضیاے آفتاب
نزع مین گر تو لب شیرین سی کہدے لا تخف | تلخی جام اجل ہو وقت مردن شہد ناب
پھر زلیخا خاک اٹہاتی الفت یوسف کا بار | خواب مین بہی دیکھتی گر وہ ترا حسن شباب

مدحت حاضرین حامد مطلع پنجم کہو | مدح غائب سے زیادہ لطف دیتا ہے خطاب

مطلع پنجم

اے رسولِ مجتبیٰ اے صاحبِ ام الکتاب | اے حبیبِ کبریا اے شافعِ یوم الحساب
اے رئیس انبیا اے سرورِ اہلِ ولا | اے امینِ کبریا اے عالمِ علم الکتاب
اے امیرِ دو جہان اے نورِ قلبِ مومنان | اے شہِ باغِ جنان اے شافعِ یوم الحساب
اے کریم ابن کریم اے صاحب خلق عظیم | ای رؤف اے رحیم ای خسروِ رحمت خطاب
آپکے باعث سے ہے دین الٰہی کا فروغ | ہوگیا روشن سراجِ شرع مثل آفتاب
شرک کی ظلمت سیاہی کفر کی زایل ہوئی | آپ نے تابان کیا توحید کا جب آفتاب
روشنی ادیان سابق کی گناہون سر گرے | چہرۂ اسلام کو کیا آپنے دی آب و تاب
ہین کلیمِ طور عرشِ رحمتِ خالق حضور | اوج واجب آپ کی معراج کا ٹھہرا جواب
پائی وہ رفعت جو ممکن کے لئے امکان مین تھی | بعد اوسکے بہر ہے واجب اور کیا کیجے حساب
اے مروجِ خلقِ حق کے اے معینِ بیکسان | ذات حق کی آپ ہی کی ذات ہے نائب مناب
اے طبیبِ سقمِ عصیان اے دوائے دردِ جان | اے شفا بخش مریضان اے مسیحِ شیخ و شاب
سب رسولانِ سلف کے آپ ہی سردار ہین | بعد اپنے آپکو حق نے کیا ہے انتخاب
اے خطیبِ منبرِ عرفان ذات کبریا | آپکے باعث ثنا۔ ای خدا مین شیخ و شاب

ق

روزِ محشر دیکھین ہم آپ کا روئے حسین | عرش کی ہمسایہ مین ہوگا مقامِ مستطاب
وہ مقام ایسا ہے جو مخصوص ہے بہر حضور | حمد حق کا ہے محل محمود ہے اوسکا خطاب

زیب جسمِ پاک ہوگا حلۂ لطف و کرم ‏ فرق پر تاجِ شفاعت بر مین جسکی ثیاب
چہرۂ انور سے ہوئیگا روان وہ بحرِ نور ‏ جسکی سب موجِ جبین برای اہلِ محشر قتاب
مہرِ رحمت بحرِ بخشش ہوگا وہ روے حسین ‏ دیکھنے سے جسکی خیرہ ہوگی چشمِ آفتاب
عاشقون مین روی حضرت دیکھکر ہوگا یہ شور ‏ مہرِ رحمت از رخِ ما روی رحمت بر متاب
دہنے پہلو پر علیؑ ہون گے بصد جاہ و حشم ‏ وہ لواے حمد کی رفعت وہ اوجِ بوتراب
وہ علیؑ جو آپ کا نائب ہے اور شیرِ خدا ‏ مصحفِ ناطق امیرِ مومنین ایمان مآب
وہ علیؑ مولد ہی جسکا کعبہ مشہد بیتِ حق ‏ نامۂ اعمال جسکا صفحۂ ام الکتاب
وہ علیؑ ہمراہ جسکے حق ہے وہ ہمراہ حق ‏ ساتھ اوسکے ہر جگہہ ہی مثل حق راہِ صواب
آپ کا شانہ ہوا جسکے لیے ممبر وہ ہے ‏ کعبہ مین جس بت شکن نے پایا اوجِ بیحساب
ممبر اوجِ سلونی کا جو ہے نامی خطیب ‏ شہرِ علمِ دین مین جس سے کھلگیا عرفانکا باب
آپکی اور اونکی طلعت دیکھکر ہوگا یہ شور ‏ پہلوے خورشید مین طالع ہے دین کا ماہتاب
پاس حیدر کی حسنؑ ہونگے بصد عز و شرف ‏ سبز خلعت باغِ جنت کا ہے جنکو دستیاب
جلوہ سے جنکے ہوا سرسبز گلزارِ ارم ‏ وہ جوان جنسے بہارِ باغِ جنت کا شباب
پھر حسینؑ ابن علیؑ مظلومِ دشتِ کربلا ‏ سرور گلگون قبا خونی کفن جنکا خطاب
جان ہے اپنی بڑھ کی جنکو آپ نے جانا وہی ‏ جنکے جسمِ پاک مین ہے آپ ہی کا خونِ ناب
آپکی جنسے شجاعت روز عاشورہ کھلی ‏ اون مصائب مین وغا کی ہے نہین جنکا جواب
وہ شہیدِ راہِ خالق کشتۂ تیغ جفا ‏ آپکی جانب شہادت کا ہے جسکی انتساب
بعد اونکی سید سجاد زین العابدین ‏ برج زندان مین جو قیدی تہا وہ دین کا آفتاب

پاس اونکے باقرؑ و صادقؑ امامانِ ہدا — پہر جناب موسیٰ کاظمؑ ساوہ گردون جناب
اونکے پہلو مین رضاؑ شاہ خراسان جنکا نام — آج ہی روضی جنکے زور دورِ انقلاب
جب چڑہائی روضۂ والا پہ فوجون کی ہوئی — ہلتے تہے ارض و فلک غم کا تہا ولسی اقتراب
ظالمون کی فوج نی بدعت یہ اوس روضہ کی — در شکستہ اور دیوارون کی پہلو ہین خراب
جو امانت تہا خزانہ ہوگیا غارت تمام — زایرونکے واسطے بہی ہوگیا ہے سدِ باب
پہر تقیؑ متقی ہونگی نقیؑ اونکے پاس — پاس اونکی عسکری سلطانِ دین مالک رقاب
پہر جناب مہدیِ ہادی امامِ آخرین — ہے امامت جنکی اب ختمِ رسالت کا جواب
بائین جانب حمزہ و جعفر بصد جاہ و حشم — اور وہ مومن جو تیرے فیض صحبت سے مثاب
انبیاے ماسلف ہونگے ستارون کیطرح — آپ ہونگے اونکے مجمع مین مثالِ ماہتاب
آپکے اک سمت ہوگا مجمعِ غلمان و حور — حاضرِ خدمت ملک اور قدسی عرفان مآب
نفسی نفسی ہر نبی کے لب پہ ہوگا اوسگہڑی — بڑہ کے جب ہول قیامت کا عیان ہوگا شتاب
نصب میزانِ عدالت ہوگی جب بہرِ عمل — عاصیونکی روح جونکو ہوگا غضب کا اضطراب
ہونگے آہون کی شرارے جب ہر اک جانب بلند — جب سوا نیزے کے اوپر ہوگا طالع آفتاب
ہونگے مضطر خوف سی قاہر کی جب اہلِ جہان — اپنے جرمون پر جب آنکھون سے بہیگا خونِ ناب
اوسگہڑی بہی آپکی دلکو ہماری ہوگی فکر — آپ فرمائینگے یون درگاہِ خالق مین خطاب
اے خداوند جہان تو معینِ بیکسان — جوش پر اسوقت ہی تیرا غضب بحرِ عتاب
آتشِ قہر و غضب مین گہر گیا سارا جہان — خوف سی تیری گنہگارونکی حالت ہے خراب
یا الہی آتشِ قہر و غضب سے اب بچا — قطرہ زن ہو عاصیون پر تیری رحمت کا سحاب

وقتِ آخر جو کیا تھا مجھسے وعدہ کرو فا
میری امت ہو تری بخشش سے یارب بہرہ یاب

بخشدے انکی خطائین عفو کر انکے قصور
راحم و غافر ہے تو اے مالکِ یوم الحساب

تیرے بحرِ لطف کے بندے ہین یارب منتظر
عاصیون کی حق مین کر میری دعا مستجاب

آپ فرمائینگے جب یون درگہِ حق مین دعا
ہم سبھون کی واسطے کھلجائیگا رحمت کا باب

آپ ہونگی جب تلک راضی نہ اے ختم الرسل
امت مرحومہ کو بخشیگا خالق بیحساب

آپ کی عترت کی دشمن حکمِ حق سے جو بھرے
جسمِ خاکی اونکی ہونگی لقمۂ نارِ عذاب

دوستانِ آلِ حضرت کی لئی فردوس ہے
ساقیِ کوثر ہین ساقی اور کوثر کی شراب

اب حضورِ پاک مین چل عرضِ مطلب کے لیے
صاف کہہ لازم ادب کا بہی نہین اے حفظ داب

عرض حاجت بر تو حاجت نیست میدانی کہ چیست
پر بہی دل کا یہ تقاضا عرض کر شہ سی شتاب

التجا ہی درگہِ حق مین مرے اشعار سب
آپکو مقبول ہون مثلِ دعاے مستجاب

خلعتِ توقیر ملجائے قصیدے کے عوض
روز و شب ہون آپکی مدحت سے ماجور و مثاب

کام میرے ذہن کو گر حمدِ خالق سے رہے
ہو کبہی مدحِ ائمہ گاہ وصفِ بوتراب

آبرو دونون جہان مین دیجیے اے لطفِ ب
یان بہی مین ممتاز ہون اور ہون وہان بہی کامیاب

چین سے گذرے یہان بہی اور وہان بہی عیش ہو
دولتِ دنیا و عقبی دیجیے یان بیحساب

آپ اگر چشمِ توجہ سے ذرا دیکھین ادہر
نجمِ بختِ نارسا تابان ہو مثلِ آفتاب

ہو طوافِ کعبہ و سیرِ مدینہ بہی نصیب
آپ بلوائین تو پاؤن حجِ اکبر کا ثواب

کربلا و کاظمین و سامرہ دکھلائیے
گر طلب میری ہو تو دیکھون مزارِ بوتراب

آپ کا جذبِ دعا مجکو جو کھینچے ہند سے
مجھسے خاطی کا ہو مشہد مین مقامِ مستطاب

ایک دل میرا ہزار و خواہشین لاکھون خیال — سبکو کیا ظاہر کرون میری زبانکو ہی حجاب

دل مرا ہی گرچہ صحراے امید و آرزو — جسکی وسعت کا نہین ممکن ہی پایان و حساب

آپکی رحمت کا دریا لیکن اوسپر ہی محیط — فکر انسانی کو کیا ساحل ہو اوسکی دستیاب

بحر رحمت آپکا ہے بحر لطف کبریا — وسعت و خوبی کا اپنی خود ہی وہ دریا جواب

ہی اوسی بحر کرم سی مجکو موتی کی تلاش — ذرہاے آرزو کیونکر نہ ہون در خوش آب

منتظر رکہنا تو ہوگا آپکو بہی ناپسند — گوہر مقصد سی دامن دل کا بہر دیجی شتاب

ہی منافی ادب اطناب حاجت ہو خموش — دفتر نعت نبی دی اس قصیدہ کو خطاب

اعتراف عجز مجکو مدحت احمد مین ہے — پر سخن سنجان اردو سی یہی میرا خطاب

چشم انصاف و عنایت سی ذرا دیکہین ادہر — نظم کی تسبیح مین ہین کسقدر در خوش آب

منتظم جو نظم کی سبحہ مین ہین وہ در ہین کیا — مجکو موتی یہ کہان سے ہو گئے ہین دستیاب

گوہر رحمت کی لڑیان کیون نہون شعر حسین — جلوہ گر ہے آب در آیت ام الکتاب

کتنی جا پر ہو گئی زینت عروس نظم کی — گوہر مضمون حدیثون سی ہوے جو انتخاب

رنگ جتنے ہین قصیدے وہ ہین موجود سب — کتنی شعرون سی عیان ہے جودت ذہن شباب

خلعت تحسین مری شعرونکو دین اہل سخن — دیکہین نظم فارسی کا نظم اردو مین جواب

جسکا مطلع یہ ہی اسکو اُس قصیدہ سے ملائین — از سروش و صبحدم برگوش ہوش آمد خطاب

پہر کہین انصاف سی جو کچہ کہی ذہن رسا — راے اہل فن جو ظاہر ہو تو مین ہون فیضیاب

گر کہین لفظی خطا ہو یا کہ ہون معنی غلط — پردہ چشم کرم کا ڈالدین اوسپر حجاب

بعض موقع پر قوافی گر مکرر ہو گئے — شعر سے استاد کامل کے ملا اُسکا جواب